مڈل اسکول کی پیشکشوں کے بارے میں ایک ورچوئل تقریب میں تشریف لائیں!

عزیز اہلِ خانہ،

مڈل اسکول کی پیشکشیں 3 اپریل کو بعد از اسکول اوقات میں مائی اسکولز پر دستیاب ہو جائیں گی! ہم آپ کو ہمارے ساتھ مڈل اسکول کی پیشکشوں اور منتظرین کی فہرستوں کے بارے میں ایک براہ راست ورچوئل معلوماتی اجلاس میں شرکت کرنے کی دعوت دیتے ہیں! اس پیشکش کے بعد، ہم آپ کے سوالات کے جواب دیں گے۔

ہر معلوماتی اجلاس کے دوران، ہم ذیل پر بات کریں گے:

- اپنے بچے کی مڈل اسکول پیشکش تک رسائی کیسے حاصل کی جائے
- منتظرین فہرست کا جائزہ:
  - منتظرین کی فہرست میں شامل ہونا
  - منتظرین کی فہرستوں سے پیشکشیں کیسے کی جاتی ہیں
  - اگر آپ کو منتظرین کی فہرست کی ایک پیشکش موصول ہو تو کیا کرنا چاہیے

ہر تقریب کا مواد ایک ہی جیسا ہے، لیکن **تمام تقریبات میں ترجمانی کی خدمات مختلف (زبانوں میں) ہوں گی**، جو حسبِ ذیل ہیں:

- **جمعرات، 4 اپریل**، شام 5 تا شام 6 | تقریب انگریزی اور 'امریکی اشاروں کی زبان' (ASL) میں منعقد ہو گی۔ ترجمانی ان زبانوں میں فراہم کی جائے گی: بنگلہ، کوریائی، ہسپانوی
- **جمعرات، 9 اپریل**، شام 5 تا شام 6 | تقریب انگریزی اور ASL میں منعقد ہو گی۔ ترجمانی ان زبانوں میں فراہم کی جائے گی: چینی (مینڈرین)، ہیشیئن کریول، اردو
- **جمعرات، 11 اپریل**، دوپہر 1 تا دوپہر 2 | تقریب انگریزی اور ASL میں منعقد ہو گی۔ ترجمانی ان زبانوں میں فراہم کی جائے گی: عربی، فرانسیسی، روسی

کس طرح شامل ہوا جائے:

- ہر تقریب زُوم پر براہ راست منعقد کی جائے گی۔ اس تقریب کے آغاز کے وقت شامل ہونے کے لیے بس اس https://bit.ly/MSSpringEvents2024 پر کلک کریں اور پاس کوڈ **#123456** درج کریں۔
- ترجمانی کی خدمات: فراہم کردہ زبانیں تلاش کرنے کے لیے ذیل پر جائیں schools.nyc.gov/MS

شرکت نہیں کر سکتے، یا مزید جاننا چاہتے ہیں؟ schools.nyc.gov/MS پر جائیں۔ پہلی تقریب کے ایک دن بعد ہماری ویب سائٹ پر ایک زیریں تحریر شدہ(کیپشنڈ) ریکارڈنگ دستیاب ہو گی۔

نیک تمنائیں،
مڈل اسکول داخلے ٹیم
دفتر برائے طالب علم اندراج

کیا یہ ای میل آپ کو کسی دوست نے بھیجی تھی؟ ہماری مڈل اسکول داخلوں کی میل فہرست کے لیے **schools.nyc.gov/SignUp** پر سائن اپ کرنا یقینی بنائیں۔ اگر آپ مڈل اسکول کے داخلوں کے بارے میں مستقبل کے پیغامات سے آن سبسکرائب کرنا چاہتے ہیں تو براہ کرم یہاں کلک کریں۔